تبصرے

(۱) مرآۃ العلوم جلد سوئم ضخامت تین سو صفحات
(۲) مفتاح الکنوز جلد ثالث ضخامت ۲۱۰ صفحات } مرتبہ جناب سید اطہر مشیر صاحب

(۳) فہرست مخطوطات اردو جلد اول ضخامت ۲۹ صفحات مرتبہ عابد امام زیدی صاحب

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری دنیا کے ان چند عظیم الشان کتب خانوں میں سے ہے جو عربی فارسی اور اردو مخطوطات کی بہتات اور نایابی کے باعث بہت مشہور اور ارباب علم وتحقیق کے نزدیک گنج شائگان کا حکم رکھتے ہیں۔ عرصہ ہوا اس کتب خانہ کے عربی اور فارسی مخطوطات کی توضیحی فہرست الگ الگ دو دو جلدوں میں شائع ہوئی تھی۔ لیکن اس اثنار میں جو اضافہ ہوا ہوا ہے اس کی کوئی فہرست نہیں تھی جس کے باعث ہر اصحاب ذوق کو ان مخطوطات سے استفادہ میں بڑی زحمت ہوتی تھی۔ مسرت کی بات ہے کہ مندرجہ بالا فہرستوں سے اب یہ کمی بھی پوری ہوگئی۔ پہلی فہرست فارسی مخطوطات پر مشتمل ہے جن کی تعداد ایک ہزار سات سو سینتیس (1،737) ہے اور دوسری فہرست جو عربی کی ہے وہ بھی دو ہزار مخطوطات پر شامل ہے۔ تیسری جلد میں تقریباً ڈھائی سو اردو مخطوطات کا تذکرہ ہے۔ ان فہرستوں میں جو فہرست سازی کے جدید قواعد کے مطابق مرتب کی گئی ہیں متعدد کالموں میں ہر مخطوطہ کی نسبت حتی الوسع یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ کتاب کا اصل نام کیا ہے۔ مصنف کا نام اور سن ولادت و وفات کیا ہے۔ مخطوطہ میں اوراق کتنے ہیں۔ کب لکھا گیا؟ کس نے لکھا؟ اس کا موضوع کیا ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔ ان مخطوطات میں اگرچہ رطب و یابس سب ہی کچھ ہیں اور بہت سے وہ بھی ہیں جو چھپ چکے ہیں۔ لیکن ان تینوں فہرستوں میں نوادر کی بھی خاصی تعداد ہے۔ بہرحال ارباب علم وتحقیق کے لیے یہ فہرستیں